3

گڑھ

e-paper www.avadhnama.com

ALIGARH SUNDAY 13 MARCH 2016

تلخی نہیں برتی گئی ہے ہر اس علاقہ میں ترقیاتی کام وغیرہ موجود تھے۔ ہے ملازمتوں میں بھی اس بات کا خیال رکھا جا رہا ہے

اے ایم یو ہندوستان میں ایک نئے سبز انقلاب کی قیادت کرے گا

نینو ٹیکنالوجی پر منعقد چار روزہ عالمی کانفرنس میں وائس چانسلر جنرل ضمیر الدین شاہ کا اظہار خیال

علی گڑھ 12 مارچ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں نینو ٹیکنالوجی پر منعقدہ چار روزہ عالمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امریکہ کی اوہایو اسٹیٹ یونیورسٹی کے وائس پروسٹ پروفیسر ولیم بروچین نے کہا کہ اکیسویں صدی کے چیلنجیز کو قبول کرنے کے لئے ہندوستان اور امریکہ کے درمیان تعلیم اور تحقیق کے کاموں کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کے سائنسداں بڑی تعداد میں ہندوستانی یونیورسٹیوں میں تحقیقی عمل کو فروغ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کی اوہایو اسٹیٹ یونیورسٹی نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے ایک معاہدہ بھی کیا ہے تاکہ دونوں یونیورسٹیوں کے درمیان تحقیقی کاموں کو فروغ دیا جاسکے۔ پروفیسر بروچین نے کہا کہ 1862 میں امریکہ میں خانہ جنگی کے بعد ہی ابراہم لنکن نے امریکہ کے مستقبل کو روشن کرنے کی غرض سے منصوبے وضع کئے اور آج دنیا میں سب سے زیادہ تحقیقی کام امریکہ میں ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سمت میں ایک نیا ہندوستان طلوع ہو رہا ہے جس کے لئے امریکہ کے سائنسداں ہندوستان میں تحقیقی کاموں کو فروغ دینے کے لئے کام کر رہے ہیں۔ افتتاحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وائس چانسلر لیفٹیننٹ جنرل ضمیر الدین شاہ نے کہا کہ ہندوستان میں ایک نئے سبز انقلاب کی قیادت علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کرے گی۔ جنرل شاہ نے کہا کہ ملک کی تمام یونیورسٹیوں میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا نینو ٹیکنالوجی کا کام کراس سمت میں سب سے زیادہ کام کر رہا ہے اور ہم ہندوستانیوں کی طرز حیات کو بدلنے اور ان کے فروغ کے لئے عملی طور پر وقف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان تحقیقی کاموں میں اوہایو اسٹیٹ یونیورسٹی کے سائنسداں ہمارے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں انفارمیشن ٹیکنالوجی کا بھی بھرپور استعمال کرنا چاہئے۔ سمپر آش فوڈ علی گڑھ کے ڈائرکٹر پروفیسر اشوک کمار نے کہا کہ نینو ٹیکنالوجی کے فروغ کے ساتھ لوگوں کی ضروریات بھی بڑھ رہی ہیں ایسے میں ہمیں ٹرانسلیشنل نالج اور تحقیق ادارے قائم کرنے کی ضرورت ہے جہاں پر سائنسداں اپنے کاموں کو انجام دے سکیں۔ اے ایم یو کے پرو وائس چانسلر بریگیڈیئر ایس احمد علی نے کہا کہ جس طرح 1960 کی دہائی میں ٹرانزسٹر اور 1980 کی دہائی میں لیزر تبدیلی لے کر آیا اسی طرح آج کے دور میں نینو ٹیکنالوجی سب سے بڑی تبدیلی لے کر آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نینو ٹیکنالوجی کی مدد سے مستقبل میں طبی مسائل، غذائی مسائل، ماحولیاتی چیلنجیز اور حفاظتی نظام کے علاوہ متعدد مسائل کو حل کیا جاسکے گا۔ اوہایو اسٹیٹ یونیورسٹی کی پروفیسر سلطانہ نور النہار نے نوبل انعام یافتہ احمد ایچ زیوائل کا پیغام پڑھ کر سنایا جس میں انہوں نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب نینو ٹیکنالوجی کا اثر برق رفتاری سے بڑھ رہا ہے ایسے میں اے ایم یو کا اس میں لیڈ کرنا قابل مبارکباد ہے۔ پروفیسر سلطانہ نور النہار نے کہا کہ ایس یو اے ایم یو پروگرام کے تحت اے ایم یو کے اوریزیادہ طلباء کا انتخاب کیا جائے گا۔ ایس یو کے پروفیسر ال پرھان نے کہا کہ اے ایم یو ایس یو اسٹیم پروگرام عالمی سطح کے سائنسداں پیدا کرنے کی غرض سے بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک ایسا پروگرام ہے جس میں ہندوستانی طلباء امریکہ میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد وطن واپس لوٹ کر یہاں کے تعلیمی اداروں میں تدریسی فرائض انجام دیں گے۔ پروفیسر کے اروناگ نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت مزید یونیورسٹیوں کے ساتھ تعاون پر سمجھوتا ہو سکتا ہے۔ کانفرنس کے کنوینر پروفیسر عالم انجم نقوی نے کہا کہ اس کانفرنس کے انعقاد کا مقصد نینو ٹیکنالوجی اور اس کے استعمال اور فروغ کو سمجھنے کے لئے اسٹیج مہیا کرانا ہے تاکہ تحقیق و تدریسی عمل کو فروغ دیا جاسکے۔ اسپلائڈ فزکس شعبہ کے سربراہ پروفیسر میر اعظم نے حاضرین کا خیر مقدم کرتے ہوئے شعبہ کے حاصلات سے روشناس کرایا۔ جوائنٹ آرگنائزنگ سکریٹری ڈاکٹر ایس ایس زیڈ اشرف، جوائنٹ آرگنائزنگ سکریٹری ڈاکٹر برج راج سنگھ، جوائنٹ آرگنائزنگ سکریٹری ڈاکٹر عذرا پروین، ڈاکٹر اسعد علی، ڈاکٹر ظفر الحسن، پروفیسر اسعد اللہ خاں اور ڈاکٹر وسیع خاں نے مہمانان کا تعارف پیش کیا۔ ڈاکٹر شکیل خاں نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ صالحہ نسیم اور فرحین نے نظامت کے فرائض انجام دیئے۔

بایو کیمسٹری شعبہ کی ریسرچ اسکالر مریم خاں عالمی کانفرنس میں انعام سے سرفراز

علی گڑھ 12 مارچ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے بایو کیمسٹری شعبہ کی ریسرچ اسکالر مریم خاں کو اے ایم یو میں ایمرجنگ ٹرینڈس ان بایو میڈیکل سائنسیز پر منعقدہ عالمی کانفرنس میں پوسٹر پیشکش مقابلہ میں انعام سے سرفراز کیا گیا ہے۔ مریم خاں کو یہ ایوارڈ ان

ڈی ایس میں پراکٹوریل بورڈ غیر فعال

سپا طلباء یونین نے دی احتجاج کی دھمکی

علی گڑھ: 12 مارچ (اودھ نامہ بیورو) سماجوادی طلباء یونین نے ڈی ایس کالج کے بگڑتے حالات کے پیش نظر کالج انتظامیہ پر غصہ کا اظہار کیا ہے۔ سماجوادی طلباء یونین نے کالج پراکٹوریل بورڈ غیر فعال بتاتے ہوئے شر پسند عناصر کو تحفظ دینے کا الزام لگایا ہے۔ سپا طلباء یونین نے آج ڈی پراکٹور ڈاکٹر وائی پی سنگھ کو ایک عرضداشت دیتے ہوئے کالج میں گرتے تعلیمی معیار پر فکر کا اظہار کیا ہے۔ سپا طلباء یونین کے صوبائی سکریٹری ضیاء الرحمان نے ڈپٹی پراکٹور ڈاکٹر وائی